سوال

(330) کیا غیبت زنا سے بڑا گناہ ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سیدنا ابو سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غیبت زنا سے بھی سخت (گناہ) ہے۔ (مشکوۃ المصابیح: 4874) کیا یہ روایت صحیح ہے؟ (محمد محسن سلفی کراچی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ روایت شعب الایمان (5/306ح 6741، دوسرا نسخہ ج9ص 99ح 6315 واللفظ لہ) میں:

"عباد بن كثير عن الجريري عن ابی نضرة عن ابی سعيد وجابر بن عبدالله" کی سند سے موجود ہے۔

عباد بن کثیر الثقفی البصری: متروک تھا۔ (دیکھئے تقریب التہذیب ص163)

احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: "روی احادیث کذب" اس نے جھوٹی حدیثیں بیان کی تھیں۔

سعید بن ایاس الجریری کا حافظہ آخری عمر میں خراب ہوگیا تھا۔ عباد ان کے پہلے شاگردوں میں سے نہیں تھا۔ خلاصہ یہ کہ یہ سند ضعیف ہے۔ (شہادت جون 2003ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔اصول، تخریج اور تحقیقِ روایات- صفحہ618